علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: مطالعہ نصوص(1918) — **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ)میں LMS پر بروقت یامقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1
(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کی کیا تفصیلات ہیں؟ قرآنِ کریم، بالخصوص سورۃ آل عمران میں، ان کی کون کون سی خصوصیات اور فضائل بیان کیے گئے ہیں؟ (20)

سوال نمبر2۔ سورۃ آل عمران کی روشنی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے دینِ ابراہیمی کے بارے میں کیا تعلیمات دی گئی ہیں؟ وضاحت کریں کہ مسلمانوں کے لیے اس کا کیا پیغام ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ قرآن میں یہودیوں کی اخلاقی اور ذہنی پستی اور مسلمانوں کے خلاف ان کی چالوں (سازشوں) کا کس طرح ذکر کیا گیا ہے؟ اس تناظر میں مسلمانوں کو کیا ہدایت دی گئی ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ اسلام کو "دینِ کائنات" اور "دینِ انسانیت" کیوں کہا گیا ہے؟ نیز قرآن و سنت کی رو سے اس کی سب سے بڑی نیک بختی اور بد بختی کیا ہے؟ تفصیلی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ سجدۂ سہو کن صورتوں میں واجب ہوتا ہے اور اسے ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ فقہ کی کتابوں سے رہنمائی لیتے ہوئے جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ وہ کون سے اوقات ہیں جن میں نماز پڑھنا مکروہ ہے؟ ان اوقات کی وجوہات اور ان میں ادا کی جانے والی نمازوں کے شرعی حکم پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ راستے کے آداب (آداب الطریق) اور اجازت طلب کرنے (باب الاستیذان) کے بارے میں احادیثِ نبویہ میں کیا تعلیمات دی گئی ہیں؟ ایک واضح نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بَابُ الِاسْتِيذَانِ (اجازت لینے کا باب) میں کس قسم کی احادیث بیان کی گئی ہیں؟ ان احادیث کے معاشرتی اثرات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ عقائد کے معاملے میں تقلید کا کیا حکم ہے؟ اسلامی فقہ اور عقیدہ کے ماہرین کے نقطۂ نظر سے اس مسئلے کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ فرض، واجب، سنت اور نفل کے درمیان فقہی طور پر کیا فرق ہے؟ ہر ایک کی تعریف اور ایک مثال سے وضاحت کریں۔ (20)